رہبر معظم نے آیت اللہ مہدوی کنی کی عیادت کی - 24 /Aug/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج (بروز اتوار) سہ پہر کو تہران کے ایک اسپتال میں آیت اللہ مہدوی کنی کی عیادت کی۔

عیادت کے دوران رہبر معظم انقلاب اسلامی کو خبرگان کونسل کے سربراہ کے علاج و معالجہ کے سلسلے میں آگاہ کیا گیا۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نےاللہ تعالی کی بارگاہ میں آیت اللہ مہدوی کنی کی صحت و سلامتی کے لئے دعا فرمائیۓ آیت اللہ مہدوی کنی قلبی بیماری کی وجہ سےگذشتہ دو ماہ سے اسپتال میں داخل ہیں جہاں ان کا علاج چل رہا ہے۔